معرکہ ہائے محراب و منبر سے روز بروز وسیع ہوتی جاتی ہے - ہم دونوں طرف کے "مجاہدین" سے گذارش کرتے ہیں کہ مولینا حنیف صاحب کی طرح ایک دوسرے کے ہاں سے وحدتِ فکر و تنفقہ کی بنیادیں اور ہم رنگ فتوے نکال کر سامنے لائیے - مفید نتائج کا راستہ صرف یہی ہے -

---

ہم کیوں مسلمان ہوئے ؟ | مرتبہ : پروفیسر عبدالغنی فاروق - ناشر : ادارہ معارف اسلامی منصورہ لاہور - ص ۴۳۲ - قیمت درج نہیں -

اس کتاب میں نمایاں مرتبے کے ۶۶ نومسلموں نے اپنے مضامین، انٹرویوز یا تقاریر میں اس سوال کا جواب دیا ہے کہ وہ کن احوال و مقامات سے گذر کر، کن وجوہ و اسباب سے دائرۂ اسلام میں داخل ہوئے - ان میں بہت سی شخصیتیں علمی دنیا میں ایک مقام رکھتی ہیں - ان میں اکثر لوگ اعلیٰ تعلیم یافتہ ہیں اور بعض ڈاکٹر اور سائنس دان ہیں - ان میں اچھے اچھے گھرانوں کی لائق خواتین ہیں - کچھ لوگ عیسائی پادریوں اور یہودی راہبوں کے گھرانوں سے آئے ہیں - ایک بات ہم سب کو شرمسار کر دیتی ہے - یہ نومسلم حضرات قرآن اور اسلامی عبادات و اخلاق کی پابندی کے لحاظ سے بڑا مرتبہ رکھتے ہیں - میرے پاس زیادہ جگہ نہیں ورنہ خاص خاص شخصیتوں کے احوال و مسائل کا ذکر کرتا، اس کی گنجائش بھی نہیں کہ میں یہ بتاؤں کہ ان حضرات و خواتین کی اکثریت کی رائے مغربی تمدن اور معاشرت کے بارے میں کتنی یاس انگیز ہے -

---

ZAKAT — LAW AND IJTIHAD | مؤلف : جناب ڈاکٹر محمد اختر سعید صدیقی - ناشر : اسلامک ریسرچ اکیڈمی، کراچی - قیمت : درج نہیں -

اچھی انگریزی میں پیش کردہ یہ کتاب دراصل ایڈنبرگ یونیورسٹی میں پی - ایچ ڈی کے لیے لکھے ہوئے اس تحقیقی مقالے پر مشتمل ہے جس میں ابتدائی معیاری دور کے قانونِ زکوٰۃ کو پیش کیا گیا ہے - خاص بات یہ بھی ہے کہ (اسلام پر نشتر زنی کرنے والے) مشہور مستشرقین جن کی نگاہ میں ابتدائی دورِ اسلام (دورِ نبوت و خلافت) سب سے زیادہ دھندلا دور ہے -